سوال

(30) جادو کی حقیقت اور کیا نبی ﷺ پر جادو ہوا ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جادو کیا ہے کیا نبی کریم ﷺ پر جادو ہوا تھا اس بارے میں جو حدیث مبارک مشہور ہے سند کے اعتبار سے اس کی کیا حیثیت ہے ؟

ہمارے گھر میں کچھ ہمارے رشتے داروں نے جادو وغیرہ کیا ہے اس کے آثار میں والدہ محترمہ کے ہاتھ بھیج رہا ہوں برائے مہربانی اس بارے میں قرآن وحدیث کی روشنی میں ہماری رہنمائی فرمائیں ؟ اللہ آپ کا حامی وناصر ہو۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری کی حدیث سے ثابت ہے کہ لبید بن اعصم یہودی نے رسول اللہ ﷺ پر جادو کیا (صحیح بخاری ۔ کتاب الطب ۔ باب السحر) اور اس کا کچھ اثر بھی آپ پر ہو گیا آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو شفاء عطا فرمادی قرآن مجید میں :

فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ-فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ --طہ66-67

''پھر تب ہی ان کی رسیاں اور لاٹھیاں اس کے خیال میں آئیں ان کے جادو سے کہ دوڑ رہی ہیں پھر پانے لگا اپنے جی میں ڈر موسیٰ''

آپ بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں معوذتین پڑھیں سورہ بقرہ آیت الکرسی پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہوں گے ۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

عقائد کا بیان ج1ص72